17 Jan,2008

Press Release

عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کی مختلف شعبوں میں کی جانے والی خدمات کو میں انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہوں۔

اہل ثروت فلاحی کاموں میں بھرپور تعاون کریں۔وزیر داخلہ سندھ

کراچی ۔ایک لاکھ اسّی ہزار غریب مریضوں کو مفت طبی امداد کی فراہمی عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کا بہترین کارنامہ ہے جس کو میں انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہوں یہ بات صوبائی وزیر داخلہ سندھ بریگیڈیئر (ر) اختر ضامن نے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کے دورے کے دوران بورڈ آف ٹرسٹیز کے اراکین سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے مریضوں سے بھی بات چیت کی اور ان کی جلد صحت یابی کی دعا کی ،اس موقع پر انہوں نے سندھ میں مکمل امن وامان قائم رکھنے کیلئے سندھ حکومت کی کاوشوں کا ذکر کیا۔انہوں نے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کے مختلف شعبوں بشمول جنرل او پی ڈی لیب اینڈ ڈائگناسٹک سینٹر، ڈائلیسز سینٹر، فزیوتھراپی اینڈ ری ہیبلیٹیشن یونٹ اور فارمیسی کا تفصیلی دورہ کیا۔وزیر داخلہ نے لیبارٹری میں اپنے ٹیسٹ بھی کرائے اور شعبہ جات کی کارکردگی کو سراہا۔اختر ضامن نے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کی جانب سے غریب بے سہارا لڑکیوں کی شادی کے موقع پر اور میٹرک تک تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کو اسکول کورس اور نمایاں کامیابی حاصل کرنے والوں کو اسکول فیس کی فراہمی ،شہر اور ملک میں کسی ناگہانی آفت کے موقع پر متاثرہ لوگوں کی مدد جیسے اقدامات کی تعریف کی۔بورڈ آف ٹرسٹیز کے اراکین نے وزیر داخلہ کو بتایا کہ غریبوں کو شفاف خدمات کی فراہمی اور غربت میں اضافہ کی وجہ سے ضرتمندوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہوتا جارہا ہے جس کی وجہ سے مسائل اور وسائل کے درمیان خلیج بڑھتی جارہی ہے، اس وقت ضرورت اس امر کی ہے کہ ہر شخص اپنی استطاعت کے مطابق فلاحی کاموں کی مسلسل ادائیگی کے لیے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کا ہاتھ بٹائے۔

اختر ضامن نے کہا کہ اہل ثروت اور معززین شہر عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کی معیاری خدمات کی فراہمی کے لیے ادارے کا ہاتھ بٹائیں تاکہ غریب اور نادار افراد کی دادرسی ہوسکے۔

#